ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,
ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD,**
**Malleshwaram, Bengaluru – 560 003**

## 2024-25ರ ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಮಾದರಿ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆ-2
## S.S.L.C. MODEL QUESTION PAPER-2 : 2024-25

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು
# Subject : FIRST LANGUAGE - URDU

www.careerindia.com

ವಿಷಯ ಸಂಕೇತ : **12-U** | **Subject Code : 12-U**

ಸಮಯ : 3 ಗಂಟೆ 15 ನಿಮಿಷಗಳು ] | [ Time : 3 Hours 15 Minutes

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : **100** ] | [ Max. Marks : **100**

---

**عام ہدایات :**

1. اِس سوالی پرچہ جس میں 45 سوالات ہیں۔
2. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
3. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
4. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Turn over ]

CAREERINDIA



درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں۔ صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے : 6 x 1 = 6

1. وہ منظوم کلام جس کا ہر شعر معنی کے اعتبار سے مکمل ہوتا ہے۔

(A) حمد (B) نعت

(C) غزل (D) قصیدہ

2. جس نظم میں کسی مرحوم شخص کی تعریف کی جائے، وہ ہے۔

(A) مرثیہ (B) مثنوی

(C) منقبت (D) قطعہ

3. ان میں کونسا لفظ ارکانِ تشبیہ میں سے نہیں ہے۔

(A) استعارہ (B) مشبہ

(C) مشبہ بہ (D) حرفِ تشبیہ

4. ایسا جملہ جو دو مفرد جملوں سے بنا ہو۔

(A) جملۂ اسمیۂ (B) جملۂ فعلیہ

(C) مفرد جملۂ (D) مرکب جملۂ

5. ''ناصر گھوم گھام کر آیا۔''

اِس جملہ میں مسند الیہ ہے۔

(A) گھوم (B) آیا

(C) ناصر (D) گھام

www.careerindia.com

6. ''مرکب مطلق'' جملے کی قسمیں ہیں۔

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

**II.** پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : **4 x 1 = 4**

7. رِیت : رواج :: رَیت : .........

8. ادب : آداب :: محفل : .........

9. شریں : تلخ :: روز : .........

10. جُو بہ جُو : ندی بہ ندی :: یم بہ یم : .........

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : **7 x 1 = 7**

11. اداؔ جعفری نے بدایوں کی خیریت کس سے دریافت کی ؟

12. لال قلعے کے مشاعرے میں سنائی گئی جوشؔ کی نظم کا عنوان کیا تھا ؟

13. مولانا آزاد کس کی محکومی سے ملک اور قوم کو نجات دلانا چاہتے تھے ؟

14. کونسا عقیدہ ہر مذہب میں موجود ہے ؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA



15. نظم ''جگنو'' میں شاعر کی خواہش کیا تھی ؟

16. حضرت امام حسینؓ کے قدموں سے کون لپٹا تھا ؟

17. مچھر کو کوئی طوفان کیوں ختم نہیں کرسکتا ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **10 x 2 = 20**

18. اماں ملغوبہ کس طرح تیار کرواتی تھیں ؟

19. تاریخِ عالم کی سب سے بڑی ناانصافیاں کیا کیا ہیں ؟

20. مصنف نے برسبیل تذکرہ لالہ کرپاشنکر جی سے کیا کہا ؟

21. امیر خسرو کو ابتدائی زندگی میں مصیبتوں کا سامنا کیوں کرنا پڑا ؟

22. موسیقی کی دنیا میں امیر خسرو کی ایجادات کیا تھیں ؟

23. شاعر کے نزدیک رشوت کو چھوڑنا کس لئے محال ہے ؟

24. نظم ''جگنو'' میں یتیم بچے کی بے چینی کا اظہار کس طرح کیا گیا ہے ؟

25. حضرت امام حسینؓ اُمت کے واسطے کیا کچھ کرگذرنا چاہتے تھے ؟

26. سرحدیں انسانی آزادی اور ترقی میں کس طرح رکاوٹ بنتی ہیں ؟

27. تلوک چند محرومؔ نے اپنی رباعی میں کس بات کا پیغام دیا ہے ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



**V.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : **11 x 3 = 33**

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :

28. ''دکھ ہوا کہ وہ تو اور بھی دھندلا گیا ہے۔''

29. ''اُردو یا ہندوی کے خطوط سنسر والے روک لیتے ہیں۔''

30. ''تو میں آپ کو چھ بجے جگا دیا کروں گا۔''

درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :

31. سید سلیمان ندوی

درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے :

32. ماہرؔ القادری

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

33. سُن یوں غزل سنایا، جلتیاں کوں پھر جلایا
سورندِ لا اُبالی، شوقیؔ حسن کہاں ہے

34. یہ جنت مبارک رہے زاہدوں کو
کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں

35. ہنگامہ زارِ عشق میں کیا کچھ نہیں ہوا
پھولوں سے نرم لوگ بھی پتھر میں ڈھل گئے

www.careerindia.com

CAREERINDIA



ایک لفظ میں جواب لکھئے :

36. (i) سچ بولنے والا : ......................

(ii) اطاعت کرنے والا : ......................

(iii) عزت والا : ......................

37. جملہ اسمئیہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔

38. استعارہ کسے کہتے ہیں ؟ مثال لکھئے۔

یا

صنعتِ تضاد یا طباق کسے کہتے ہیں ؟ مثال لکھئے۔

VI. درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 5 x 4 = 20

39. اپنی نصابی کتاب میں شامل ''حمد'' کے ابتدائی چار اشعار لکھئے۔

یا

اپنی نصابی کتاب میں شامل ''مرثیہ'' کے آخری دو بند میں سے کوئی چار اشعار لکھئے۔

40. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :

(i) مچھر کا الٹی میٹم (ii) آمدِ بہار

www.careerindia.com

CAREERINDIA



41. حجۃ الوداع کے موقع پر حضور ﷺ نے مسلمانوں کو کیا پیغام دیا ؟

42. زعفران کے استعمال کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

یا

ودیا چرن جی کے آپریشن کے بعد اُن کی تقریر میں کس طرح محبت کے بول نکل رہے تھے ؟ لکھئے۔

43. **درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :**

ملک مصر میں ایک دولت مند آدمی تھا۔ اُس کے دو بیٹے تھے۔ ایک نے علم حاصل کیا اور دوسرے نے مال و دولت جمع کی۔ ایک پڑھ لکھ کر بہت بڑا عالم بن گیا اور دوسرا اپنی دولت کے سہارے مصر کا بادشاہ بنا۔

مال دار بھائی نے اپنے عالم بھائی کو ذلّت کی نظر سے دیکھا اور اس سے کہا کہ میں بادشاہ بن گیا اور تو غریبی کی ذلّت میں پڑا رہ گیا۔ عالم نے جواب دیا کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہے اور اُس کا بہت شکر ادا کرتا ہوں کہ اُس نے مجھ کو پیغمبر کا وارث بنایا۔ اور تم کو فرعون اور ہامان جیسے بادشاہ اور وزیر کا وراث بنایا۔

میں اس چیونٹی کی طرح ہوں جس کو لوگ پیروں سے مسل دیتے ہیں مگر اِس بھڑ کی طرح نہیں ہوں جس کے ڈنک سے لوگ روتے ہیں۔ میں نعمت پر خدا کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے مجھے لوگوں کو ستانے کی طاقت نہیں دی۔

سوالات :

(i) مصر کے بادشاہ کے کتنے بیٹے تھے ؟ انہوں نے کیا حاصل کیا ؟

(ii) بڑے بھائی نے خدا کا شکر کس لئے ادا کیا ؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA



**VII.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خُطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

44. اپنے میر مدرس کے نام خط لکھئے جس میں اپنی بہن کی شادی کا ذکر کرتے ہوئے دو دن کی چُھٹی کی طلب کی گئی ہو۔

**یا**

اپنے دوست/سہیلی کے نام ایک خط لکھئے۔ جس میں اپنی امتحان کی تیاری کا ذکر کیا گیا ہو۔

**VIII.** کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : **1 x 5 = 5**

45. (i) کمپیوٹر کے فوائد

**یا**

(ii) ماحول کی آلودگی کے وجوہات

www.careerindia.com